وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

قرآنی وظائف

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ اسلامیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یامادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یادیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com
www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآنی وظائف

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ اسلامیہ
MAKTABA ISLAMIA

مکتبہ اسلامیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب

قرآنی وظائف

ناشر ---------------- محمد سرور عاصم

اشاعت ---------------- 2015ء

ملنے کا پتا

مکتبہ اسلامیہ

لاہور: بادیہ حلیمہ سینٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
042-37244973 - 37232369

فیصل آباد: بیسمنٹ سمٹ بینک بالمقابل شیل پٹرول پمپ کوتوالی روڈ، فیصل آباد
041-2631204 - 2641204

0300-8661763
/maktabaislamia1
www.maktabaislamiapk.com
maktabaislamiapk@gmail.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ

"اور تمہارے رب نے کہا ہے تم مجھے پکارو میں تمہاری دعائیں قبول کرتا ہوں"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

◇ پہلے مجھے پڑھیے!	8
◇ ابتدائیہ	10
قرآن مجید اور دُعا	12
دعا کی فضیلت	16
دعا کی قبولیت کی تین صورتیں	17
دعا کی شرائط	17
آداب دعا	19
دعا کی قبولیت کے اوقات	24
کن کن لوگوں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں؟	28
◇ قرآن مجید کی دعائیں	31
طلب ہدایت اور بیماری سے شفا کی دعا	32
قبول عبادت، حصول ایمان اور طلب ہدایت کی دعا	33
قبول ایمان کی دعا	34
توفیق عمل صالح اور اطمینان قلب کی دعا	35

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہلے مجھے پڑھیے!

انسان بڑا کمزور اور بے بس ہے، اسے اپنی زندگی میں قدم قدم پر کسی سہارے اور مدد کی ضرورت پڑتی ہے، جس کے لیے وہ خلق کائنات کی بارگاہ میں دست سوال دراز کرتا اور اس کے سامنے اپنی دکھڑا رکھتا ہے کیوں کہ

﴿وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ﴾ (1)

"مدد صرف اللہ ہی کی طرف سے آتی ہے۔"

لہٰذا اللہ رب العزت اس کی پکار کو سنتا اور قبول کرتا ہے، اس بات کا اس نے اپنے بندوں سے وعدہ کر رکھا ہے کہ

﴿اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ﴾ (2)

"جب بھی مجھے پکارنے والا پکارتا ہے تو میں اس کی پکار کو قبول کرتا ہوں۔"

اللہ نے اپنے کلام مجید میں جا بجا اپنے بندوں کو دربار الٰہی سے مانگنے

(1) آل عمران: 126- (2) البقرہ: 186-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی ترغیب دلائی ہے اور ساتھ ہی انہیں اس کا سلیقہ اور ڈھنگ بھی سکھایا ہے، نیز قرآن مجید میں مختلف انبیاء علیہم السلام کی دعائیں بھی مذکور ہیں جو انہوں نے اللہ کے حضور کیں اور انہیں شرف قبولیت عطا ہوا۔ زیر نظر کتاب میں دعا کی اہمیت، فضیلت اور آداب کے ذکر کے ساتھ ساتھ انبیاء علیہم السلام کی دعاؤں کو درج کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے در کا سوالی بنائے رکھے اور ان آداب کو ملحوظ رکھتے ہوئے دعا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابتدائیہ

اللہ تعالیٰ نے اس عالم فانی میں آرام و تکلیف، رنج و غم، دوست و دشمن، بیماری و تندرستی اور طرح طرح کی راحتوں اور مصیبتوں کو پیدا فرما کر تمام مخلوقات اور خصوصاً انسانوں کو اس میں مبتلا کیا، جیسا کہ اس نے فرمایا:

﴿لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي كَبَدٍ﴾ [1]

''بلاشبہ ہم نے انسان کو بڑی مشقت میں پیدا کیا ہے۔''

جب سے یہ دنیا بنی ہے اس وقت سے لے کر قیامت تک انسان مختلف قسم کی پریشانیوں میں گھرا رہتا ہے۔ مگر اس کے ساتھ ہی ساتھ ان پریشانیوں سے نجات کے لیے مختلف احتیاطی تدبیریں بھی موجود ہیں جن پر گامزن رہنے سے پریشانیاں دور ہو سکتی ہیں، جیسے: سردی سے بچاؤ کے لیے گرم سامان، گرمی سے بچاؤ کے لیے ٹھنڈک پہنچانے والی چیزیں، دشمن سے بچاؤ کے لیے سامان جنگ، رنج و غم دور کرنے کے لیے آرام و راحت کے اسباب اور بیماری دور کرنے کے لیے دعائیں اور دوائیں پیدا کیں۔ درحقیقت اللہ تعالیٰ ہی رنج و غم اور تکلیف و مصیبت وغیرہ دینے والا ہے اور وہی ان مصیبتوں کو دور فرما کر راحت و آرام اور صحت و تندرستی عطا فرمانے والا ہے، وہ ہر چیز پر قادر اور مختار ہے۔ وہ اس بات کو بہت پسند کرتا ہے کہ اسے کوئی پکارے۔ اسی پکار کو ''دعا'' کہتے ہیں:

[1] البلد:4۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ ﴾①

''بھلا ہے کوئی جو بے قرار و پریشان حال کی فریاد سنتا ہے جب وہ اسے پکارتا ہے اور اس کی تکلیف کو دور کرتا ہے۔''

یعنی اللہ تعالیٰ ہی بے چین و بے قرار کی فریاد سنتا اور اس کی مصیبتوں کو دور کرتا ہے۔ انسان ہر مصیبت کو دور کرنے کے لیے کوئی نہ کوئی سہارا ضرور تلاش کرتا ہے، حتیٰ کہ دہریئے جو اللہ خالق کائنات کے منکر ہیں، ملحد اور بڑے بڑے مغرور بھی اپنی سمجھ اور عقیدے کے مطابق اپنے سے بڑی ذات کا وسیلہ تلاش کرتے ہیں اور اس کے دامن کو پکڑ کر نجات حاصل کرنے کے خواہاں رہتے ہیں۔ کسی نے مورتیوں کو پکارا، کسی نے چاند، سورج، مریخ وغیرہ ستاروں کی منت سماجت اور خوشامد کی اور دہائی دی کہ اس مشکل وقت میں کام آئیں مگر جب ان سے حاجت روائی نہیں ہوتی تو تمام مادی اور ظاہری ذرائع سے منہ پھیر کر صرف ایک ذات اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو کر نہایت عاجزی و انکساری اور آہ وزاری سے پکارتے اور دُعائیں کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان پریشان حال لوگوں کی پکار کو قبول فرما کر انہیں دامنِ رحمت میں چھپا لیتا ہے۔ جب اللہ رؤف و رحیم ہی اس مشکل وقت اور مصیبت میں کام آنے والا ہے تو ہر حالت میں اسی کو پکارنا چاہیے۔ دوسرے محتاجوں اور کمزوروں کو پکارنے سے کیا فائدہ؟ کیونکہ وہ تو اس پکار کو سنتے ہی نہیں! اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

① النمل:62۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗۤ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝ ﴾①

''ان سے زیادہ گمراہ کون ہو گا جو اللہ تعالیٰ کے سوا ان کو پکارتے ہیں جو قیامت تک ان کی بات نہیں سن سکتے بلکہ وہ تو ان کی پکار سے بھی غافل ہیں۔''

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ۝ ﴾②

''اللہ کے ساتھ کسی کو بھی مت پکارو۔''

قرآن مجید اور دُعا

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ﴾③

''اور ہم نے اس قرآن کو مومنوں کے لیے رحمت اور شفا بنا کر اتارا ہے۔''

قرآن مجید کو پڑھنا، اس کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا سب کچھ مومنوں کے لیے باعث شفا اور رحمت ہے۔ خاص طور پر قرآن میں موجود دعائیں خود اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کو سکھائیں، جن کی برکت سے ان کی ضرورتیں اور حاجتیں پوری ہوئیں، کیونکہ دوسرے انسانوں کی طرح وہ بھی انسان ہی تھے، لیکن افضل البشر تھے، جو دوسرے انسانوں کو ضرورتیں پیش آتی ہیں انہیں بھی آیا کرتی تھیں۔ وہ بیمار بھی ہوتے تو اللہ تعالیٰ ہی سے صحت کی دعا کرتے، جیسے ابراہیم علیہ السلام کا بیان ہے:

① الاحقاف:5۔ ② الجن:١٨۔ ③ بنی اسرائیل:82۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿ وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ ﴾①

"اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔"

اگر بے اولاد ہوتے تو اولاد کے لیے بھی اللہ ہی سے دعا فرماتے:

﴿ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ ﴾②

"اے میرے رب! مجھے صالح اولاد عطا فرما۔"

اگر لوگ ستاتے تو ان سے نجات کے لیے بھی دربار باری تعالیٰ ہی میں دست دعا دراز کرتے:

﴿ وَ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ﴾③

"(اے اللہ!) مجھے اس ظالم قوم سے نجات دے۔"

اگر کبھی نافرمانی ہو جاتی تو اس کی معافی بھی اللہ ہی سے طلب کرتے، ابوالبشر سیدنا آدم علیہ السلام سے غلطی ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دل میں القا کیا کہ تم یہ دعا پڑھو، ہم تمہاری غلطی معاف کر دیں گے:

﴿ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ٚ وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ ﴾④

"اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے، اور اگر تو نے ہمیں معاف نہ کیا اور ہم پر رحم نہ کیا تو ہم یقیناً خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔"

① الشعراء:80۔ ② الصافات:100۔
③ الصافات:100۔ ④ الاعراف:23۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سیدنا یونس علیہ السلام سے غلطی ہو گئی تو یوں دعا کی:

﴿ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ﴾①

''تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، بے شک میں ہی ظالموں میں سے تھا۔''

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے انہیں مچھلی کے پیٹ سے نجات عطا فرمائی۔

سیدنا نوح علیہ السلام نے دشمنوں سے خلاصی کے لیے رب تعالیٰ سے دعا کی جو قبول ہوئی۔ سیدنا زکریا علیہ السلام نے طلب اولاد کے لیے دعا کی جو دربار الٰہی میں مقبول ہوئی اور ایسا فرزند عطا ہوا کہ:

﴿ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝ ﴾②

''اس سے پہلے ہم نے کسی کا یہ نام نہیں رکھا۔''

اور فرمایا:

﴿ سَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۝ ﴾③

''اس پر سلام ہے جس دن وہ پیدا ہوا، جس دن وہ مرے گا اور جس دن اسے دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔''

سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے بھی یہ دعا کی:

﴿ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ ﴾④

''اے میرے رب! مجھے نیک اور صالح اولاد عطا فرما۔''

آپ کی یہ دعا قبول ہوئی اور سیدنا اسماعیل علیہ السلام جیسا یادگار عالم عطا ہوا اور:

① الانبیا: 87- ② مریم: 7- ③ مریم: 15- ④ الصفت: 100-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿ وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ۝ ﴾①

اور ہم نے اسے (ابراہیم علیہ السلام کو) اسحاق عنایت فرمایا اور یعقوب مزید (دیا) اور ہم نے سب کو صالح بنایا۔"

یعنی صرف اسحاق ہی نہیں بلکہ یعقوب (پوتے) کی بھی بشارت عظمیٰ سے مسرور کیا ابراہیم علیہ السلام نے تو فرمایا:

﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ ۝ ﴾②

"تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے بڑھاپے میں اسماعیل اور اسحاق عطا فرمائے، بے شک میرا رب خوب دعا سننے والا ہے۔"

سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے فرعون جیسے جابر بادشاہ سے آزاد ہونے کی درخواست کی جو قبول ہوئی اور ان کو:

﴿ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۝ ﴾③

"ہم نے (موسیٰ علیہ السلام سے) کہا: خوف نہ کرو، بے شک تو ہی غالب رہے گا۔"

سے تسلی دی گئی۔

سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے نزول مائدہ کی دعا فرمائی جو قبول ہوئی۔

ہمارے نبی ﷺ نے:

﴿ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ۝ ﴾④

① الانبیا:72- ② ابراھیم:39- ③ طه:68- ④ طه:114-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

”اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔“

وغیرہ دعائیں فرمائیں جو مقبول ہوئیں۔

دعا کی فضیلت

دعا کے معنی پکارنے اور بلانے کے ہیں، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جگہ جگہ لوگوں کو دعا کی ترغیب دلائی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۝ ﴾①

”تم مجھے پکارو، میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔“

اور فرمایا:

﴿ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۝ ﴾②

”جب پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی پکار کو قبول کرتا ہوں۔“

نیز فرمایا:

﴿ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ۝ ﴾③

”اپنے پروردگار کو گڑگڑا کر اور چپکے چپکے پکارو۔“

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

« اَلدُّعَآءُ هُوَ الْعِبَادَةُ » ④

”دعا ہی عبادت ہے۔“

① المومن:60۔ ② البقرہ:186۔ ③ الاعراف:55۔

④ سنن ابی داود:1479۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دنیا کے لوگ مانگنے سے ناراض ہوتے ہیں، مگر اللہ تعالیٰ مانگنے سے خوش اور نہ مانگنے سے ناراض ہوتا ہے۔ کسی نے کیا ہی خوب کہا ہے:

لَا تَسْئَلَنَّ بَنِیْ اٰدَمَ حَاجَتَهٗ   وَاسْئَلِ الَّذِیْ اَبْوَابُهٗ لَا تُحْجَبُ

اَللّٰهُ یَغْضِبُ اِنْ تَرَكْتَ سُؤَالَهٗ   وَابْنُ اٰدَمَ حِیْنَ یُسْئَلُ یَغْضِبُ

''کسی انسان سے اپنی حاجت مت مانگو، بلکہ اس سے مانگو جس کے کرم وسخاوت کے دروازے کبھی بند نہیں ہوتے۔ انسان اور اللہ کے درمیان یہی فرق ہے کہ اگر اللہ سے مانگنا چھوڑ دو گے تو اللہ ناراض ہو جائے گا اور انسان سے مانگو گے تو وہ ناراض ہو جائے گا۔''

دعا کی قبولیت کی تین صورتیں

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جو اللہ سے سوال کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے ان تین چیزوں میں سے ایک ضرور دیتا ہے: (۱) وہی چیز عطا فرماتا ہے جو وہ مانگتا ہے۔ (۲) یا اس سے بہتر کوئی چیز دیتا ہے۔ (۳) یا اس کے ذریعے سے کوئی بڑی آنے والی مصیبت کو دور کر دیتا ہے۔''[1]

دعا کی شرائط

پہلی شرط یہ ہے کہ دعا کرنے والے کے دل میں ایمانِ کامل کے ساتھ ساتھ اخلاص بھی ہو، یعنی صرف اللہ تعالیٰ ہی کا خیال دل و دماغ اور زبان پر ہو۔ غیر کا خیال بالکل نہ ہو، کیونکہ اخلاص کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں ہوتا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

[1] سنن الترمذی: 3381۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ۝﴾①

”عبادت کو اسی (اللہ) کے لیے خالص کرتے ہوئے اسے پکارو۔“

دوسری شرط یہ ہے کہ کھانا، پینا اور پہننا وغیرہ حلال و پاکیزہ کمائی کا ہو، اگر حرام کی آمیزش ہوئی تو دعا قبول نہیں ہوگی۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کے بارے میں فرمایا:

«يُطِيْلُ السَّفَرَ أَشْعَثَ أَغْبَرَ يَمُدُّ يَدَيْهِ إِلَى السَّمَاءِ يَارَبِّ يَا رَبِّ وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ، وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ وَغُذِيَ بِالْحَرَامِ فَأَنّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ»②

”پراگندہ سر اور گرد آلود آدمی، لمبا سفر کرتا ہے، دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر دُعا کرتا ہے: اے میرے رب! اے میرے رب! حالانکہ اس کا کھانا، پینا اور پہننا حرام طریقوں سے ہے اور حرام ہی سے اس کی پرورش ہوئی ہے، تو اس کی دُعا کس طرح قبول ہوگی۔“

پھر آپ نے فرمایا کہ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے نبیوں کو کسب حلال کا حکم دیا ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا﴾③

”اے رسولو! حلال روزی کھاؤ اور نیک عمل کرو۔“

اور امتیوں کو بھی یہی حکم دیا:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ﴾④

”اے مومنو! ہماری پاکیزہ دی ہوئی روزی سے کھاؤ۔“

① المومن:65۔ ② صحیح مسلم: 1015۔

③ المومنون:51۔ ④ البقرہ:172۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تیسری شرط یہ ہے کہ دعا کرنے والا جھوٹ بولنے، مکر وفریب قمار بازی، شراب نوشی، حسد وتکبر، کینہ کپٹ، غیبت وچغلی وغیرہ سے بچے، کیونکہ یہ سب گناہ کبیرہ ہیں، قرآن وحدیث میں ان کی بڑی مذمت بیان کی گئی ہے۔

آداب دعا

① انکساری خشوع وخضوع سے دعا کی جائے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا﴾ ①

”اپنے رب کو گڑگڑا کر پکارو۔“

انبیا علیہم السلام کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿إِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا﴾ ②

”وہ نیکیوں کی طرف جلدی کرتے تھے اور ہمیں شوق اور ڈر سے پکارتے تھے۔“

② دعاؤں میں اپنے گناہوں کا اقرار اور اس بات سے توبہ کیجئے کہ آئندہ ہرگز ایسا کام نہیں کریں گے، جیسے نبی ﷺ کی ایک دعا کے الفاظ ہیں:

«ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ جَمِيْعًا» ③

”(اے اللہ!) میں نے اپنی جان پر زیادتی کی اور میں اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، پس میرے تمام گناہوں کو معاف کردے۔“

---

① الاعراف:55۔ ② الانبیاء:90۔

③ صحیح مسلم:771۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

③ اپنے نیک کاموں کا واسطہ دے کر سوال کیجیے، جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے تین آدمیوں کا واقعہ بیان فرمایا ہے کہ تین آدمی دوران سفر میں بارش کی وجہ سے پہاڑ کے ایک غار میں پناہ کے لیے گئے۔ ایک چٹان گرنے کی وجہ سے غار کا منہ بند ہو گیا تو ہر ایک نے اپنے اپنے نیک اعمال کا واسطہ دے کر اللہ تعالیٰ سے دعا کی، اللہ تعالیٰ نے ان کو اس مصیبت سے نجات دی۔①

④ دعا سے پہلے وضو کرنا مستحب ہے۔ آپ ﷺ نے ابو عامر رضی اللہ عنہ کے لیے وضو کر کے دعا کی تھی۔②

⑤ دعا کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ کیجیے، کیونکہ شریعت نے نماز کا رخ اسی کو بنایا ہے اور رسول اللہ ﷺ دعا کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ کرتے تھے۔③

⑥ دعا کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی تعریف کیجیے، پھر رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجیے، پھر دعا کر کے اللہ تعالیٰ کی تعریف اور نبی ﷺ پر درود بھیج کر ختم کیجیے، یعنی دعا سے پہلے اور دعا کے بعد حمد وصلوۃ ہونی چاہیے۔④

⑦ دونوں ہاتھ کشادہ کر کے چہرے اور دونوں کندھوں کے مقابلے میں اٹھائیے۔ رسول اللہ ﷺ اسی طرح اٹھاتے تھے۔⑤

آپ نے فرمایا:

---

① صحیح بخاری:2215، صحیح مسلم: 2743-

② صحیح بخاری:6383، صحیح مسلم:2498-

③ صحیح بخاری:6343- ④ سنن ابی داود:1481-

⑤ صحیح بخاری:6341-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

«إِنَّ اللّٰهَ حَيِيٌّ كَرِيمٌ يَسْتَحْيِيْ مِنْ عَبْدِهٖ إِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ إِلَيْهِ أَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا» ①

"اللہ کے سامنے جب کوئی ہاتھ اٹھا کر دعا کرتا ہے تو خالی ہاتھ واپس کرتے ہوئے اسے شرم آتی ہے۔"

⑧ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں چہرے کے سامنے کر کے دعا مانگیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«إِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْأَلُوْهُ بِبُطُوْنِ أَكُفِّكُمْ وَلَا تَسْأَلُوْهُ بِظُهُوْرِهَا» ②

"جب اللہ سے سوال کرو تو اپنی باطنی ہتھیلیوں سے مانگو اور ہتھیلی کی پشت سے مت مانگو۔"

⑨ دعا سے فراغت کے بعد دونوں ہاتھوں کو چہرے پر پھیرنا چاہیے۔ عبداللہ بن زبیر اور عبداللہ بن عمر سے حتی الامکان ثابت ہے کہ وہ دعا کے بعد منہ پر ہاتھ پھیرتے تھے۔ ③

⑩ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کے ساتھ دعا کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَلِلّٰهِ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا﴾ ④

"اور اللہ کے اچھے اچھے نام ہیں، لہٰذا اسے انہی کے ساتھ پکارو۔"

⑪ دعا و استغفار تین مرتبہ کیجیے۔ رسول اللہ ﷺ تین بار دعا فرماتے تھے۔ ⑤

① سنن ابی داود:1488 ② سنن ابی داود:1476۔ ③ الادب المفرد:690۔
④ الاعراف:180۔ ⑤ صحیح بخاری:240، صحیح مسلم: 1794۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۲ دعا میں جلدی نہیں کرنی چاہیے، جب تک قبول نہ ہو دعا کرتے جایئے اور یہ نہ سوچئے کہ اتنے دنوں سے دعا کر رہا ہوں قبول نہیں ہوتی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يُسْتَجَابُ لِاَحَدِكُمْ مَالَمْ يُعَجِّلْ يَقُوْلُ: دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِيْ» ①

"تمہاری دعا قبول کی جاتی ہے جب تک کہ جلدی نہ کرو اور جلدی یہ ہے کہ وہ کہے: میں دعا کرتا ہوں، لیکن قبول نہیں ہوتی۔"

۱۳ کسی گناہ اور قطع رحمی کے لیے دعا نہ کیجیے، کیونکہ ایسی دعا قبول نہیں ہوتی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَالَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ اَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ» ②

"بندے کی دعا قبول کی جاتی ہے جب تک وہ کسی گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ کرے۔"

۱۴ دعا میں شرط استعمال نہ کی جائے، یعنی یہ نہ کہے کہ اے اللہ! اگر تو چاہے تو یہ کام کر دے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس قسم کے کلمات استعمال کرنے سے منع کیا ہے، آپ نے فرمایا:

«اِذَا دَعَا اَحَدُكُمْ فَلَا يَقُلْ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ اِنْ شِئْتَ وَارْحَمْنِيْ اِنْ شِئْتَ وَارْزُقْنِيْ اِنْ شِئْتَ وَلْيَعْزِمْ مَسْئَلَتَهٗ اِنَّهٗ لَيَفْعَلُ مَا يَشَآءُ وَلَا مُكْرِهَ لَهٗ» ③

① صحیح بخاری:6340، صحیح مسلم:2735۔

② صحیح مسلم:2790۔

③ صحیح بخاری: 7477، 6338؛ صحیح مسلم:2679۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

”جب دعا کرو تو یہ نہ کہو: اے اللہ! تو چاہے تو بخش دے، اگر تو چاہے تو رحم کر دے اور اگر تو چاہے تو روزی دے، بلکہ نہایت عزم و پختگی سے سوال کرے، کیونکہ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے، کوئی اسے مجبور نہیں کر سکتا۔“

15 اگر امام ہے تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے لیے اور تمام مقتدیوں کے لیے دعا کرے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَا يَؤُمُّ رَجُلٌ قَوْمًا فَيَخُصُّ نَفْسَهُ بِالدُّعَاءِ دُونَهُمْ فَإِنْ فَعَلَ فَقَدْ خَانَهُمْ» ①

”امام مقتدیوں کو چھوڑ کر صرف اپنے لیے ہی دعا نہ کرے، اگر ایسا کرے گا تو خیانت کرے گا۔“

16 ہر دعا کرنے والے کو چاہیے کہ اپنے لیے دعا کرے تو مخصوص نہ کرے۔

رسول اللہ ﷺ نے ایک اعرابی کو یہ دعا پڑھتے سنا:

«اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَمُحَمَّدًا وَلَا تَرْحَمْ مَعَنَا اَحَدًا»

”اے اللہ! مجھ پر اور محمد ﷺ پر رحم کر اور ہمارے ساتھ کسی اور پر رحم نہ کر۔“

تو آپ نے فرمایا: «لَقَدْ حَجَرْتَ وَاسِعًا» ”تو نے اللہ کی کشادہ رحمت کو محدود کر دیا ہے۔“ ②

17 تمام حاجتوں کو اللہ ہی سے مانگیے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

① سنن ابی داود:90۔ ② صحیح بخاری:6010۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

«لِيَسْأَلْ أَحَدُكُمْ رَبَّهُ حَاجَتَهُ كُلَّهَا حَتَّى يَسْأَلَ شِسْعَ نَعْلِهِ إِذَا انْقَطَعَ» ①

''اپنے رب سے ہر چیز مانگو حتیٰ کہ جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ بھی اللہ ہی سے مانگو۔''

۱۸ امر محال کو نہ مانگئے، کیونکہ یہ تعدّی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ﴾ ②

''اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔''

اور حدیث ہے:

«سَيَكُونُ فِي هَذِهِ الْأُمَّةِ قَوْمٌ يَعْتَدُونَ فِي الطُّهُورِ وَالدُّعَاءِ» ③

''میری امت میں کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو پاکی اور دعا میں حد سے تجاوز کر جایا کریں گے۔''

۱۹ دعا میں بے جا تکلفات سے بچنا چاہیے۔ ④

۲۰ دعا کو ''آمین'' حمد اور درود پر ختم کرنا چاہیے۔

دعا کی قبولیت کے اوقات

یوں تو اللہ تعالیٰ ہر وقت سنتا اور بندوں کی حفاظت اور خبر گیری کرتا رہتا ہے، کبھی بھی غافل نہیں ہوتا، ہر وقت اس کا دروازہ کھلا رہتا ہے۔ مگر اس نے اپنے

① سنن الترمذی:3604۔ ② المائدہ:87۔
③ سنن ابی داود:96۔ ④ صحیح بخاری:6337۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فضل وکرم سے اپنی عبادت ومناجات کے خاص اوقات مقرر کر دیئے ہیں، ان اوقات میں دعائیں بہت جلد قبول ہوتی ہیں۔ اوقات ذیل میں درج ہیں:

1. ہر رات کا پچھلا حصہ: اس وقت خود اللہ تعالیٰ بندوں سے فرماتا ہے کہ تم لوگ مجھ سے مانگو میں تمہیں عطا کروں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يَنْزِلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالَىٰ كُلَّ لَيْلَةٍ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا حَتَّى يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْآخِرُ يَقُولُ: مَنْ يَدْعُونِي فَأَسْتَجِيبَ لَهُ مَنْ يَسْأَلُنِي فَأُعْطِيَهُ مَنْ يَسْتَغْفِرُنِي فَأَغْفِرَ لَهُ» ①

"ہمارا پروردگار ہر رات کے آخری پہر میں آسمان دنیا پہ آ کر فرماتا ہے: کون ہے جو مجھ سے دعا کرے؟ میں اس کی دعا قبول کروں، کوئی مجھ سے مانگنے والا ہے جو مجھ سے مانگے کہ میں اس کو عطا کروں، کوئی مجھ سے معافی مانگنے والا ہے کہ اسے معاف کردوں۔"

2. جمعہ کے دن میں بھی ایک گھڑی ہے جس میں دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«إِنَّ فِي الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ قَائِمٌ يُصَلِّي يَسْأَلُ اللَّهَ خَيْرًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ» ②

"جمعہ کے دن میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ اگر کسی مسلمان کو نماز پڑھتے ہوئے (وہ گھڑی) مل جائے تو وہ اس میں اللہ سے جو بھلائی مانگے گا اللہ اسے ضرور دے گا۔"

① صحیح بخاری: 1145، صحیح مسلم: 758۔

② صحیح بخاری:935، صحیح مسلم:852۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ گھڑی عصر کے بعد غروب آفتاب تک ہے۔ ①

③ شب قدر کی بھی قرآن وحدیث میں بڑی فضیلت آئی ہے۔اس میں بھی دعا قبول ہوتی ہے۔

④ اذان کے وقت بھی دعا قبول ہوتی ہے،رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

«ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ الدُّعَاءُ: عِنْدَ النِّدَآءِ، وَعِنْدَ الْبَأْسِ» ②

''دو وقت ایسے ہیں کہ جن میں دعا رد نہیں ہوتی: اذان کے وقت اور جنگ کے وقت۔''

⑤ اذان واقامت کے درمیان بھی دعا قبول ہوتی ہے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَا يُرَدُّ الدُّعَآءُ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ» ③

''اذان واقامت کے درمیان (مانگی گئی) دعا رد نہیں ہوتی۔''

⑥ اقامت کے وقت بھی دعا قبول ہوتی ہے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«سَاعَتَانِ لَا تُرَدُّ فِيهِمَا عَلَى دَاعٍ دَعْوَتُهُ: حِيْنَ تُقَامُ الصَّلٰوةُ، وَفِي الصَّفِّ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ» ④

''دو گھڑیاں ایسی ہیں کہ ان میں دعا کرنے والے کی دعا رد نہیں ہوتی، اقامت نماز کے وقت اور جہاد فی سبیل اللہ میں صف بندی کے وقت۔''

① سنن ابی داود:1048۔ ② سنن ابی داود:2540۔

③ سنن ابی داود:521؛ سنن الترمذی: 212۔

④ صحیح ابن حبان: 1764، موطا امام مالك:1/ 70۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

7 سجدے کی حالت میں دعا قبول ہوتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

«اَقْرَبُ مَايَكُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَّبِّهٖ وَهُوَ سَاجِدٌ فَاَكْثِرُوا الدُّعَآءَ» ①

''سجدے میں بندہ اپنے رب کے بہت نزدیک ہوتا ہے، لہٰذا (سجدے کی حالت میں) کثرت سے دعا مانگا کرو۔''

8 رمضان المبارک کے مہینے میں اور روزہ افطار کرتے وقت دعا قبول ہوتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«ثَلَاثَةٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ الصَّائِمُ حَتّٰى يُفْطِرَ اَوْحِيْنَ يُفْطِرَ» ②

''تین قسم کے لوگوں کی دعا رد نہیں ہوتی، ایک روزہ دار کی حتی کہ وہ روزہ کھول لے یا جب وہ روزہ کھول رہا ہو۔''

9 بارش کے وقت، بارش میں کھڑے ہو کر دعا مانگنے سے دعا قبول ہوتی ہے۔③

10 مرغ کی آواز سنتے وقت دعا قبول ہوتی ہے۔④

11 مسلمانوں کے اجتماع میں ذکر الٰہی کے وقت دعا قبول ہوتی ہے۔⑤

① صحیح مسلم:482۔ ② سنن الترمذی:3598۔

③ سنن ابی داود:2540۔

④ صحیح بخاری: 3303؛ صحیح مسلم: 2729۔

⑤ صحیح بخاری:6408، صحیح مسلم:2699۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۲ امام کے ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ﴾ پڑھ کر آمین کہنے کے بعد دعا قبول ہوتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«إِذَا أَمَّنَ الْإِمَامُ فَأَمِّنُوْا فَإِنَّهُ مَنْ وَافَقَ تَأْمِيْنُهُ تَأْمِيْنَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ» ①

''جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو، (کیونکہ) جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہو گئی، اس کے سارے گزشتہ گناہ معاف ہو جائیں گے۔''

کن کن لوگوں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے بعض مقبول بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ پر قسم کھائیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم پوری کر دیتا ہے۔'' ②

وہ مقبول بندے جن کی دعائیں قبول ہوتی ہیں درج ذیل ہیں:

۱ مظلوم کی بددعا ۲ مسافر ۳ باپ کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«ثَلَاثَةُ دَعَوَاتٍ يُسْتَجَابُ لَهُنَّ لَا شَكَّ فِيْهِنَّ دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ لِوَلَدِهِ» ③

''تین آدمیوں کی دعائیں مقبول ہوتی ہیں: مظلوم کی بددعا، مسافر کی دعا اور باپ کی اپنی اولاد کے لیے دعا۔''

① صحیح بخاری:480؛ صحیح مسلم:410۔
② صحیح البخاری: 2703۔ ③ سنن ابی داود: 1536

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

④ نیک، مطیع فرماں بردار اولاد کی دعا اپنے ماں باپ کے حق میں قبول ہوتی ہے۔
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
«اَیُرْفَعُ لِلرَّجُلِ دَرَجَةٌ فَیَقُوْلُ: اَنّٰی لِیْ هٰذَا؟ فَیَقُوْلُ بِدُعَاءِ وَلَدِكَ» ①
”آدمی کا درجہ بلند ہوتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ یہ اتنا بڑا مرتبہ مجھے کیسے ملا؟ (اللہ) فرماتا ہے کہ تیری اولاد کی دعا کی وجہ سے۔“

⑤ روزہ دار اور ⑥ عادل منصف امام بادشاہ کی دعا قبول ہوتی ہے۔
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
«ثَلَاثَةٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ، اَلصَّائِمُ حِیْنَ یُفْطِرُ وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ وَالْمَظْلُوْمُ» ②
”تین آدمیوں کی دعا رد نہیں ہوتی، روزہ دار کی جب وہ افطار کرے، انصاف کرنے والا امام، اور مظلوم کی بددعا۔“

⑦ جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کے لیے اس کی غیر موجودگی میں دعا کرے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
«دَعْوَةُ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ لِأَخِیْهِ بِظَهْرِ الْغَیْبِ مُسْتَجَابَةٌ» ③
”مسلمان آدمی کی اپنے بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں کی گئی دعا قبول ہوتی ہے۔“

① سنن ابن ماجه: 3660۔
② سنن الترمذی: 3598۔ ③ صحیح مسلم: 2733۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۸ رات کو جاگنے والا جب یہ دعا پڑھے تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔

«لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي» ①

جو شخص رات کو جاگنے کے بعد اس دعا کو پڑھے یا دعا کرے تو اس کی دعا قبول ہوگی اور اگر وضو کر کے نماز پڑھے تو نماز قبول ہوگی۔

۹ آیت کریمہ: ﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ﴾ پڑھنے والے کی دعا قبول ہوتی ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«دَعْوَةُ ذِي النُّونِ إِذَا دَعَا وَهُوَ فِي بَطْنِ الْحُوتِ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ فَإِنَّهُ لَمْ يَدْعُ بِهَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ فِي شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا اسْتُجِيبَ لَهُ» ②

”حضرت یونس علیہ السلام کی دعا جو انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں کی تھی۔
﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ﴾ جو مسلمان کسی مقصد کے لیے اسے پڑھے گا، اس کی دعا ضرور قبول ہوگی۔“

① صحیح البخاری: 1154-

② سنن الترمذی: 3505-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

10 اللہ کے اسم اعظم کے ذریعے سے جو دعا کی جائے وہ ضرور قبول ہوتی ہے۔
حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو سنا، وہ دعا کرتے ہوئے کہہ رہا تھا:

«اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ»

''یا اللہ! میں تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں، کیونکہ تو اللہ ہے، تیری شان یہ ہے کہ تو اکیلا ہے، بے نیاز ہے، جس نے کسی کو جنا نہیں اور نہ اس کو کسی نے جنم دیا ہے اور کوئی بھی اس کا ہمسر نہیں۔''

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اس شخص نے اللہ تعالیٰ کے اس اسم اعظم کے ذریعے سے مانگا ہے کہ اس کے ذریعے سے مانگا جائے تو وہ عنایت کرتا ہے اور جب اس کے ذریعے سے دعا کی جائے تو وہ قبول کرتا ہے۔''①

قرآن مجید کی دعائیں

ذیل میں قرآن مجید کی وہ دعائیں لکھی گئی ہیں جن کی اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کو خود تعلیم و تلقین فرمائی کہ اپنی ضرورتوں کو ہمارے سامنے اس طرح پیش کرو، ہم قبول کر کے تمہاری حاجتوں کو پورا کر دیں گے۔ چنانچہ انہوں نے اسی طرح اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی حاجتیں پیش کیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کی حاجتیں اور مرادیں پوری فرمائیں۔

① سنن ابن ماجہ: 3857۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم بھی اگر انہی دعاؤں کو پڑھ کر اپنی ضرورتوں کو اللہ کے دربار میں پیش کریں تو اللہ تعالیٰ ضرور قبول فرمائے گا۔ آپ ان دعاؤں کا ترجمہ وفوائد دیکھ کر اپنی مطلوبہ دعائیں پڑھ لیا کیجئے۔

طلب ہدایت اور بیماری سے شفا کی دعا

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

''میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان مردود سے۔''

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ○

''شروع کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے۔''

''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کی پرورش کرنے والا ہے۔ نہایت مہربان بڑا رحم کرنے والا ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔ (اے اللہ!) ہم تیری ہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ ہمیں سیدھا راستہ دکھا (یعنی) ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا، نہ ان لوگوں کا جن پر تیرا غضب ہوا، اور نہ ان کا جو گمراہ ہیں۔“

قبول عبادت، حصول ایمان اور طلب ہدایت کی دعا

یہ دعا سیدنا ابراہیم و سیدنا اسماعیل علیہما السلام کی ہے جو انہوں نے بیت اللہ بناتے ہوئے اللہ کے حضور کی تھی:

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○

”اے ہمارے پروردگار! ہماری طرف سے قبول فرما، تو ہی سننے اور جاننے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں اپنا فرماں بردار بنا لے، اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک جماعت کو اپنا فرماں بردار بنا اور ہمیں اپنی عبادت کے طریقے سکھا اور ہماری توبہ قبول فرما، بے شک تو ہی توبہ قبول فرمانے والا بڑا مہربان ہے۔“ ①

① البقرہ:127،128۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قبول ایمان کی دعا

یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی دعا ہے:

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَ اتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ ①

”اے ہمارے رب! ہم نے مان لیا جو کچھ آپ نے نازل فرمایا اور ہم نے رسول کی پیروی کی، لہٰذا ہمیں گواہوں میں لکھ لے۔“

توفیق قبولیت ایمان کی یہ دعا ہے، جو نجاشی (بادشاہ حبشہ) اور اس کے درباری نے کی تھی۔ ②

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ وَ نَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ۝ ③

”اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے، پس ہمیں گواہوں کے ساتھ لکھ لے، اور ہم خواہش رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ (جنت میں) داخل کرے گا۔“

① آل عمران:53۔

② تفسیر طبری: 7- 5؛ وسندہ حسن۔

③ المائدہ:84,83 یہ دو آیتوں میں ہے، درمیان میں کچھ الفاظ چھوڑ دیے گئے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توفیق عملِ صالح اور اطمینانِ قلب کی دعا

یہ نیک بندوں کی دعا ہے:

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ ①

”اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔“

انجام بخیر اور عملِ صالح کی توفیق کی دعا

یہ حضرت داود علیہ السلام کی دعا ہے:

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَ اَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ ②

”اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کی ہیں اور

① الفرقان:74۔ ② النمل:19۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس بات کی کہ میں نیک عمل کروں جو تجھے پسند ہوں اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں شامل فرمالے۔"

انجام بخیر ہونے کی دعا

یہ حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا ہے جو وفات سے پہلے آپ نے اللہ تعالیٰ کے حضور کی تھی:

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۟ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۝ ①

"اے زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے! تو دنیا و آخرت میں میرا ولی اور کارساز ہے، تو مجھے حالتِ اسلام میں فوت کر اور مجھے نیک لوگوں کے ساتھ ملا دے۔"

دنیا و آخرت کی بھلائی کی دعا

اس دعا میں دونوں جہان کی بھلائی طلب کی گئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ اس کو اکثر پڑھا کرتے تھے۔ ②

① یوسف:101-
② صحیح بخاری:6389،صحیح مسلم:2690-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ ①

"اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔"

طلب رحمت ومغفرت کی دعائیں

رسولوں اور مومنوں کی دعا:

سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝ ②

"ہم نے سنا اور اطاعت کی، اے ہمارے رب! ہم تجھ سے بخشش چاہتے ہیں اور تیری طرف ہی لوٹ کر جانا ہے۔"

سیدنا آدم وحوا علیہما السلام کی دعا۔ اس دعا میں انہوں نے اپنی خطاؤں کی معافی مانگی:

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتة وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝ ③

① البقرہ:201۔ ② البقرہ:285۔ ③ الاعراف:23۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اے ہمارے رب! ہم نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا ہے، اگر تو ہمیں نہ بخشے گا اور رحم نہ فرمائے گا تو ہم نقصان پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔''

نیک بندوں کی دعا:

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○

''اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لا چکے ہیں تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔''①

رسول اللہ ﷺ کو یہ دعا سکھائی گئی:

رَّبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○

''اے میرے پروردگار! تو بخش دے اور رحم فرما اور تو سب مہربانوں سے زیادہ مہربانی کرنے والا ہے۔''②

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَ اغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○③

① المومنون:109۔ ② المومنون:118۔

③ التحریم:8۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"اے ہمارے رب! ہمیں کامل نور عطا فرما اور ہمیں بخش دے، بے شک تو ہی ہر چیز پر قادر ہے۔"

سیدنا نوح علیہ السلام کی دعا:

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَ لِوَالِدَيَّ وَ لِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ۝ ①

"اے میرے رب! مجھے اور میرے والدین کو بخش دے اور ان لوگوں کو بھی جو میرے گھر میں بحالت ایمان داخل ہوئے اور تمام مومن مردوں اور عورتوں کو بھی (بخش دے)۔"

رحم و مغفرت، آسانی اور دشمنوں پر فتح یابی کی دعا

درج ذیل آیات کی احادیث میں بہت فضیلت بیان کی گئی ہے۔

یہ آیتیں اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں سے ہیں۔ ②

حدیث میں ہے کہ اس دعا کی ہر درخواست پر اللہ تعالیٰ نے قَدْ فَعَلْتُ فرمایا، یعنی ہم نے (تمہاری دعا کو) قبول کرلیا ہے۔ ③

① نوح:28۔

② مسند احمد:5/ 383؛ صحیحہ ابن خزیمۃ: 263۔

③ صحیح مسلم:126۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (1)

”اے ہمارے رب! اگر ہم سے بھول چوک ہو جائے تو ہمیں نہ پکڑنا۔ اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، اے ہمارے پروردگار! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کے اٹھانے کی ہم طاقت نہیں رکھتے اور ہم سے درگزر فرما، ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا مولیٰ (مالک) ہے، ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما۔“

توبہ واستغفار کی دعائیں

یہ سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے جو انہوں نے کوہِ طور سے واپسی پر کی تھی:

(1) البقرہ:286۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ○ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ○ ①

"تو ہی ہمارا ساتھی ہے، پس ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے، ہمارے لیے اس دنیا میں بھی نیکی لکھ دے اور آخرت میں بھی، بے شک ہم تیری طرف لوٹ آئے ہیں۔"

یہ بھی سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے:

رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ○ ②

"اے میرے رب! میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے اس لیے تو مجھے بخش دے۔"

مغفرت، انجام بخیر و حصول جنت کی دعا

یہ عرش اٹھانے والے فرشتوں کی دعا ہے:

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ

① الاعراف:155,156۔ ② القصص:16۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَ اتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَ قِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ○ رَبَّنَا وَ اَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ﹰالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ ط اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ وَ قِهِمُ السَّيِّاٰتِ ط وَ مَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ط وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ ①

''اے ہمارے رب! تو نے ہر چیز کو اپنی رحمت اور علم سے گھیر رکھا ہے، تو انہیں بخش دے جو توبہ کریں اور تیری راہ کی پیروی کریں اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ اے ہمارے پروردگار! تو انہیں ہمیشگی والی جنتوں میں لے جا جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور ان کو بھی جو ان کے آبا و اجداد اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے نیک ہوئے۔ بے شک تو ہی زبردست حکمت والا ہے، اور انہیں تمام تکلیفوں (برائیوں) سے بچا لے اور جن کو تو نے اس دن (کی تکالیف) سے بچا لیا تو نے اس پر رحم فرمایا اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔''

① المومن: 7-9۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استقامت اور طلب رحمت کی دعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ ①

''اے ہمارے رب! ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا مت کر اور ہمیں اپنی جانب سے مہربانی عطا فرما، یقیناً تو بہت عطا کرنے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! تو سب لوگوں کو ایک ایسے دن جمع کرے گا کہ جس کے آنے میں کوئی شک نہیں، یقیناً اللہ تعالیٰ وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔''

نیک بندوں کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ ②

① آل عمران:9,8۔ ② ال عمران: 16

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

”اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے، تو ہمارے گناہوں کو معاف کر دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔“

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ○ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَ تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ○ رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ ①

”اے ہمارے پروردگار! تو نے یہ (سب کچھ) بے فائدہ نہیں بنایا، تو پاک ہے، پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔ اے ہمارے پروردگار! جسے تو جہنم میں ڈالے یقیناً تو نے اسے رسوا کر دیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ اے ہمارے پروردگار!

① آل عمران: 191-194

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم نے سنا ایک پکارنے والے کو جو ایمان کی طرف بلا رہا ہے کہ اپنے رب پر ایمان لے آؤ! تو ہم ایمان لائے، پس تو ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہم سے ہماری برائیوں کو دور کر دے اور ہماری موت نیک لوگوں کے ساتھ کر۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں وہ دے جس کا تو نے اپنے رسولوں کی معرفت ہم سے وعدہ فرمایا ہے اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا، بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔"

یہ اصحاب کہف کی دعا ہے:

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝ ①

"اے ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما اور ہمارے کام میں ہمارے لیے رہنمائی مہیا فرما۔"

توفیق عمل صالح، اولاد صالح واستقامت کی دعا

یہ نیک بندوں کی دعائیں ہیں:

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ

① الکھف:10۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيَّ وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَ اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَ اِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ ①

''اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر انعام کی ہے اور اس بات کی توفیق دے کہ میں ایسا نیک عمل کروں جس سے تو خوش ہو جائے اور میری اولاد بھی صالح بنا، بے شک میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں مسلمانوں میں سے ہوں۔''

حصول حکومت وسلطنت کی دعا

اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو اس دعا کی تعلیم فرمائی، اس کے پڑھنے سے بادشاہت یا عزت ملے گی:

اَللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۙ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ

① الاحقاف:15-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُولِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ ①

"اے اللہ! تمام جہان کے مالک! تو جسے چاہتا ہے بادشاہی دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے بادشاہی چھین لیتا ہے اور تو جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے، تیرے ہی ہاتھ میں بھلائی ہے، تو ہی ہر چیز پر قادر ہے، تو رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں لے جاتا ہے اور تو ہی زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور تو جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔"

دشمنوں سے نجات، ان پر غلبہ اور فتحیابی کی دعائیں

دشمنوں پر فتحیابی کے لیے حضرت داود علیہ السلام نے یہ دعا کی تھی، جس وقت جالوت اور اس کے لشکر سے مقابلہ ہوا۔ جنگ کے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیے:

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ ②

① آل عمران:26، 27۔ ② البقرہ:250۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

”اے ہمارے رب! ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمارے قدموں کو جمائے رکھ اور کافر قوم پر ہماری مدد فرما۔“

اللہ کے نیک بندوں کی یہ دعا ہے، لڑائی کے وقت اسے پڑھنا چاہیے:

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ اِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ①

”اے ہمارے رب! تو ہمارے گناہوں کو بخش دے اور جو ہمارے کاموں میں ہم سے زیادتی ہوئی ہے اسے بھی معاف فرما اور ہمارے قدموں کو جمائے رکھ اور کافروں کی قوم پر ہماری مدد فرما۔“

سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے:

رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ②

”اے میرے رب! مجھے ظالم قوم سے نجات دے۔“

دشمنوں پر غلبہ کے لیے سیدنا شعیب علیہ السلام نے یہ دعا کی تھی:

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَ اَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ③

① آل عمران:147۔ ② القصص:21۔ ③ الاعراف:89۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

”اے ہمارے رب! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ فرما اور تو ہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔“

یہ موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے والوں کی دعا ہے اور دشمنوں سے نجات حاصل کرنے کے لیے مجرب ہے:

عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ①

”ہم نے صرف اللہ پر بھروسا کیا۔ اے ہمارے رب! ہمیں ان ظالموں کے لیے فتنہ نہ بنا اور ہمیں اپنی رحمت سے ان کافروں سے نجات عطا فرما۔“

ظالموں سے نجات حاصل کرنے کی دعا

یہ کمزور مسلمانوں کی دعا ہے جو مکہ میں مجبوراً مقیم تھے۔ ظالموں سے نجات حاصل کرنے کے لیے یہ دعا مجرب ہے:

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ

① یونس:85،86۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝ ①

"اے ہمارے پروردگار! ہمیں اس بستی سے نکال جس کے رہنے والے ہم پر ظلم کرتے ہیں اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حمایتی اور مددگار بنا دے۔"

یہ رسول اللہ ﷺ کی دعا ہے:

رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ②

"اے میرے رب! مجھے ظالم قوم میں سے نہ بنا۔"

ظالموں کی معیت سے پناہ مانگنے کی دعا

یہ اعراف والوں کی دعا ہے:

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ③

"اے ہمارے پروردگار! ہمیں ظالم قوم کے ساتھ نہ کر۔"

کافروں کے ظلم اور فتنے سے بچنے کی دعا

یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کے زمانے کے مسلمانوں کی دعا ہے:

① النساء:75۔ ② المومنون:94۔ ③ الاعراف:47۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَيْكَ اَنَبْنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ ①

”اے ہمارے رب! ہم نے تجھی پر بھروسا کیا اور تیری ہی جانب رجوع کرتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹنے والے ہیں۔“

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ②

”اے ہمارے رب! ہمیں کافروں کی آزمائش میں نہ ڈال، اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے، یقیناً تو ہی زبردست حکمت والا ہے۔“

مفسد لوگوں پر فتح حاصل کرنے کی دعا

یہ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ہے:

رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ ③

”اے میرے پروردگار! اس فسادی قوم پر میری مدد فرما۔“

① الممتحنہ:4۔ ② الممتحنہ:5۔

③ العنکبوت:30۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنی نجات اور دشمنوں کی ہلاکت کی دعا

یہ حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ہے:

رَبِّ اِنَّ قَوْمِیْ كَذَّبُوْنِ ○ فَافْتَحْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَهُمْ فَتْحًا وَّ نَجِّنِیْ وَ مَنْ مَّعِیَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ○ ①

"اے میرے رب! میری قوم نے مجھے جھٹلایا، پس تو میرے اور ان کے درمیان قطعی فیصلہ کر دے اور مجھے اور میرے ایمان والے ساتھیوں کو ان سے نجات دے۔"

بے دین کی صحبت سے نجات پانے کی دعا

یہ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ہے:

رَبِّ نَجِّنِیْ وَ اَهْلِیْ مِمَّا یَعْمَلُوْنَ ○ ②

"اے میرے رب! مجھے اور میرے گھرانے کو ان کاموں کے وبال سے نجات دے جو یہ کر رہے ہیں۔"

① الشعراء: 117-118۔

② الشعراء: 169۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مصیبت کے وقت صبر و ایمان پر ثابت قدمی کی دعا

فرعون کے جادوگروں کی دعا ہے، جب وہ ایمان لے آئے اور فرعون نے انہیں قتل کی دھمکی دی تو انہوں نے ان الفاظ میں ایمان پر ثابت قدمی کی توفیق اللہ سے طلب کی:

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ○ ①

''اے ہمارے رب! ہم پر صبر ڈال دے اور ہمیں حالت اسلام میں فوت کرنا۔''

علم میں اضافے کی دعا

علم میں اضافے کے لیے اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو یہ دعا سکھائی:

رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ○ ②

''اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔''

طلب رزق کی دعا

یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے جو انہوں نے اپنی اُمت کے طلب رزق کے لیے کی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے قبول فرما کر ان کے لیے آسمان سے

① الاعراف:126۔ ② طٰہٰ:114۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کھانا نازل فرمایا تھا۔طلب رزق کے لیے یہ دعا پڑھنی چاہیے:

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○ ①

''اے ہمارے رب! ہم پر آسمان سے کھانا نازل فرما کہ وہ ہمارے لیے، ہمارے پہلوں اور پچھلوں کے لیے خوشی کی بات ہو جائے اور تیری جانب سے نشانی ہو جائے اور ہمیں روزی عطا فرما اور تو سب دینے والوں سے بہتر دینے والا ہے۔''

یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، طلب رزق کے لیے مجرب ہے:

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ○ ②

''اے میرے رب! تو جو چیز بھی میری طرف نازل فرمائے، میں اس کا حاجت مند ہوں۔''

طلب اولاد کی دعا

حضرت زکریا علیہ السلام نے طلب اولاد کے لیے یہ دعا مانگی تھی، جسے اللہ تعالیٰ نے قبول فرما کر حضرت یحییٰ علیہ السلام عطا فرمائے۔طلب اولاد کے لیے

① المائدہ:114۔ ② القصص: 24۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ دعا مجرب ہے:

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ۝①

"اے میرے پروردگار! اپنی جانب سے مجھے نیک اولاد عطا فرما، تو ہی دعا کا سننے والا ہے۔"

زکریا علیہ السلام کی یہ دعا بھی قرآن میں ذکر کی گئی ہے، طلب اولاد کے لیے یہ دعا پڑھنی چاہیے:

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۝②

"اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا مت چھوڑ، تو سب سے بہتر وارث ہے۔"

یہ ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے جو طلب اولاد کے لیے کی گئی تھی اور قبول ہوئی، پھر حضرت اسماعیل علیہ السلام پیدا ہوئے۔

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ۝③

"اے میرے رب! مجھے نیک اولاد عطا فرما۔"

① آل عمران:38۔ ② الانبیاء:89۔
③ الصافات:100۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شرح صدر کی دعا

یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، جو دل کے روشن اور زبان میں قوت گویائی پیدا کرنے کے لیے مجرب ہے:

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ○ وَ يَسِّرْ لِيٓ أَمْرِي ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِي ○ يَفْقَهُوا قَوْلِي ○ ①

"اے میرے رب! میرے سینے کو کھول دے اور میرے کام کو آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کھول دے، تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔"

والدین کی مغفرت کی دعا

اللہ تعالیٰ نے والدین کے حق میں ان الفاظ کے ساتھ دعا کرنے کی تعلیم دی ہے:

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيرًا ○ ②

"اے میرے رب! تو ان دونوں پر رحم فرما جیسے انہوں نے

① طٰہٰ: 25-28۔ ② بنی اسرائیل: 24۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مجھے بچپن میں پالا ہے۔"

والدین اور مسلمانوں کے لیے مغفرت کی دعا

یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے، جب آپ اپنے اہل وعیال کو مکہ مکرمہ میں چھوڑ گئے تھے:

اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ ○ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ○①

"بے شک میرا رب دعا سننے والا ہے۔ اے میرے رب! مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد میں سے بھی۔ اے ہمارے رب! میری دعا قبول فرما۔ اے ہمارے رب! مجھے اور میرے ماں باپ اور مومنوں کو بخش دے جس دن حساب قائم ہو۔"

یہ فرشتوں کی دعا ہے، جو انہوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دی تھی:

رَحْمَتُ اللّٰهِ وَ بَرَكٰتُهٗ عَلَیْكُمْ اَهْلَ الْبَیْتِ

① ابراهیم:39-41-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِنَّهٗ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○ ①

"اے اہل بیت! تم پر اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں نازل ہوں، بے شک اللہ قابلِ تعریف اور بزرگی والا ہے۔"

حسن خاتمہ کے لیے دعا

یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے:

رَبِّ هَبْ لِیْ حُكْمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ○
وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ ○
وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ○ ②

"اے میرے رب! مجھے قوت فیصلہ (حکمت) عطا فرما اور مجھے نیک لوگوں میں شامل کر دے، میرا ذکر خیر پچھلے لوگوں میں بھی باقی رکھ اور مجھے جنت کے وارثوں میں سے بنا دے۔"

بے جا درخواست کی معافی کی دعا

نوح علیہ السلام کی دعا ہے، جب بیٹے کنعان کو ڈوبتے دیکھا تو اس کی نجات کے لیے دعا کی، اللہ نے منع فرما دیا۔ اس پر نوح علیہ السلام نے یہ دعا کی:

① ھود:73۔ ② الشعراء: ۸۳۔۸۵۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَبِّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُ بِکَ اَنۡ اَسۡـَٔلَکَ مَا لَیۡسَ لِیۡ بِہٖ عِلۡمٌ ؕ وَ اِلَّا تَغۡفِرۡ لِیۡ وَ تَرۡحَمۡنِیۡۤ اَکُنۡ مِّنَ الۡخٰسِرِیۡنَ ○ ①

”اے میرے رب! میں تیری ہی پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ تجھ سے وہ مانگوں جس کا مجھے علم ہی نہ ہو۔ (تو مجھے بخش دے) اور اگر تو نہیں بخشے گا اور نہ رحم فرمائے گا تو میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جاؤں گا۔“

دعائے برکت

یہ نوح علیہ السلام کی دعا ہے۔ طوفانِ نوح ختم ہوا اور کشتیِ نوح جودی پہاڑ پر ٹھہری تو حضرت نوح علیہ السلام نے اترتے وقت یہ دعا کی تھی، اللہ تعالیٰ نے ایسی برکت عطا فرمائی کہ زمین از سرِ نو آباد ہو گئی۔

رَبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَکًا وَّ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡمُنۡزِلِیۡنَ ○ ②

”اے میرے پروردگار! مجھے بابرکت جگہ اتارنا اور تو سب

① ھود:47۔ ② المومنون:29۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے بہتر اُتارنے والا ہے۔"

بیماری سے علاج کی دعا

یہ حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا ہے، مصیبت میں یہ دعا پڑھنی چاہیے:

اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ ①

"بے شک مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تو تمام مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔"

گھر سے باہر نکلتے وقت کی دعا

رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝ ②

"اے میرے رب! تو مجھے جہاں بھی لے جائے سچائی کے ساتھ اچھی طرح لے جا اور جہاں سے نکالے تو سچائی کے ساتھ اچھی طرح نکال، اور میرے لیے اپنے پاس سے غلبہ اور مددگار مقرر فرمادے۔"

① الانبیاء:83۔ ② بنی اسرائیل:80۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جہنم سے پناہ مانگنے کی دعا

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ ①

”اے ہمارے رب! تو ہم سے جہنم کے عذاب کو ہٹالے، بے شک اس کا عذاب لازم ہونے والا ہے۔“

عذاب الٰہی سے محفوظ رہنے اور طلب نجات کی دعا

یہ یونس علیہ السلام کی دعا ہے، اس کو ہمیشہ پڑھنا چاہیے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جو اس دعا کو پڑھے گا اس کی دعا قبول ہوگی۔“ ②

لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ ۖ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ۝ ③

”نہیں کوئی معبود مگر تو ہی ہے، تو پاک ہے، بے شک میں ہی قصوروار ہوں۔“

① الفرقان:65۔

② سنن الترمذی:3505۔

③ الانبیاء:87۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلمانوں کے حق میں اور حسد دور کرنے کی دعا

فوت شدہ مسلمانوں کی مغفرت کے لیے اور اپنے دلوں کو کینے اور بغض سے پاک کرنے کی دعا ہے:

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَ لَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَاۤ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ ①

"اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں اور ایمان والوں کی بابت ہمارے دلوں میں کینہ نہ ڈال۔ اے ہمارے رب! یقیناً تو بڑا شفیق اور مہربان ہے۔"

برائی اور حاسدوں کے شر سے پناہ چاہنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○

① الحشر:10-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَ مِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ○ وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○ ①

"آپ کہہ دیجئے! میں پناہ میں آتا ہوں صبح کے مالک کی، تمام مخلوق کی برائی سے، اندھیری رات کی برائی سے، جب وہ آجائے اور عورتوں کی برائی جو گرہوں میں پھونک مارنے والی ہیں اور حاسد کی برائی سے، جب وہ حسد کرے۔"

شیطانی وسوسہ دور کرنے کی دعا

یہ رسول اللہ ﷺ کی دعا ہے:

رَبِّ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيۡنِ ○ وَ اَعُوۡذُ بِكَ رَبِّ اَنۡ يَّحۡضُرُوۡنِ ○ ②

"اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ وہ (شیطان) میرے پاس حاضر ہوں۔"

① الفلق:1-5۔ ② المومنون:97,98۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○ ①

''آپ کہہ دیجئے! میں پناہ میں آتا ہوں لوگوں کے پروردگار، لوگوں کے بادشاہ، لوگوں کے معبود کی (پناہ میں) وسوسہ ڈالنے والے، پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے، جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے، جنوں اور انسانوں میں سے۔''

① الناس:1-6۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ



وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

قرآنی وظائف

مکتبہ اسلامیہ

لاہور: بادیہ حلیمہ سینٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
042-37244973 - 37232369

فیصل آباد: بیسمنٹ سمٹ بینک بالمقابل شیل پٹرول پمپ کوتوالی روڈ فیصل آباد
041-2631204 - 2641204

/maktabaislamia1 maktabaislamiapk.com maktabaislamiapk@gmail.com